# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ

- کلاس میں آنے سے پہلے اس کہانی کو کئی مرتبہ خود پڑھ لیں تا کہ کہانی کے ماحول کا اندازہ ہو جائے۔ کہانی کو تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ لڑائی جھگڑا کرنے سے متعلق بچوں سے گفتگو کریں کہ لڑائی جھگڑے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا ہے۔ ایک دوسرے کی برائیاں برداشت کرنے سے رشتے قائم رہتے ہیں۔ نظر ہمیشہ اچھائی پر رکھنی چاہیئے۔ مل جل کر رہنا بہتر ہے۔

10 منٹ

- 5 سے 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

- بچوں سے کہانی سے متعلق سوالات کریں۔ مثلاً:

- آپ کو یہ کہانی لڑائی جھگڑا کیسی لگی؟ جن کو اچھی لگی وہ ہاتھ اٹھائیں (ایک بچہ گنتی کر کے بتائے)۔
- لڑائی کرنے کو انگلش میں کیا کہتے ہیں؟ (fighting)

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا کوئی بچہ بورڈ پر fight لکھ سکتا ہے؟ جو لکھ سکتے ہیں وہ ہاتھ اٹھائیں۔ ان میں سے ایک بچے سے fight کی ہجے پوچھیں۔ اگر غلطی کرے تو دوسرے بچے کو موقع دیں۔ جب بچوں کو ہجے سمجھ میں آ جائے تو بورڈ پر لکھوائیں۔ اب ٹیچر بچوں کو سمجھائیں کہ fight سے fighting کیسے بنے گا۔ اس طرح کے اور الفاظ میں بھی ing- لگا کر مثالیں دیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| fight+ing | fighting |
| sleep+ing | sleeping |
| eat+ing | eating |
| play+ing | playing |
| sing+ing | singing |

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ بورڈ سے الفاظ اسی طرح کوپی میں لکھیں۔ اگر بچوں کے ذہن میں ایسے اور انگریزی کے الفاظ آتے ہیں تو 10 سے 15 الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ جو بچہ زیادہ الفاظ بتائے اس کی حوصلہ افزائی کریں۔ تمام الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھیں تاکہ غلطی نہ ہو۔ جب لکھنے کا کام ختم ہو تو بچے اپنی کوپیاں ساتھ والے بچے سے تبدیل کریں اور صحیح ہجے پر ( ) کا نشان ڈالیں۔ چیک کرنے والا بچہ اپنا نام بھی نیچے لکھ دے۔ اس طرح دوسرے بچے کی کوپی چیک کرنے سے اور اپنا دستخط کرنے سے ان کا اعتماد (confidence) بڑھے گا۔

## سیشن 2

15 منٹ
- بچوں سے کتاب لڑائی جھگڑا کھولنے کے لئے کہیں اور کہانی کی تصویروں کی باتیں پوچھیں۔ مثلاً:
  - کتاب کے سرورق (cover) پر کس کی تصویر ہے؟
    (مینڈک۔ مینڈکی اور ان کے بچے)
  - صفحہ نمبر 1 اور 2 پر ان کو کہاں جاتے ہوئے دکھایا ہے؟
    (تالاب کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے کی طرف)
  - انہوں نے یہ سفر کیوں کیا؟
    (کیونکہ وہ روز روز کے لڑائی جھگڑے سے تنگ آ گئے تھے)

10 منٹ
- 5 سے 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور کچھ اردو الفاظ کا انگلش میں ترجمہ کریں۔ ٹیچر بورڈ پر دو کولم بنا کر اردو الفاظ لکھیں۔ بچوں سے انگلش الفاظ پوچھ کر دوسرے کولم میں لکھیں۔ یہ خیال رہے کہ تیاری پہلے کرلی جائے۔ جب بچہ کوئی لفظ نہ بتا سکے تو خود بتائیں اور لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| English | الفاظ |
|---|---|
| female frog | مینڈکی |
| child | بچہ |
| bank | کنارا |
| grass | گھاس |
| fish | مچھلی |
| family | خاندان |
| house fly | مکھی |
| spider | مکڑی |

| English | الفاظ |
|---|---|
| male frog | مینڈک |
| children | بچے |
| pond | تالاب |
| tree | درخت |
| plants | پودے |
| anger | غصہ |
| insects | کیڑے |
| mosquito | مچھر |

# سیشن 3

10 منٹ
- 5 سے 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے اس کہانی میں کوئی نئے یا مشکل الفاظ سنے ہیں یا پڑھے ہیں؟ الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کا مطلب پوچھیں اور ساتھ میں مطلب بھی بورڈ پر لکھیں۔

مثلاً:

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| جھک جھک | بحث کرنا |
| ٹرانا | مینڈک کی آواز |
| شور مچاتے | شور کرتے ہوئے |
| چین کی سانس لینا | آرام آ جانا۔ مشکل ختم ہو جانا |
| غصہ ٹھنڈا کرنا | غصہ ختم کرنا |
| منانا | دوستی کرنا |

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے کتاب کھولنے کو کہیں اور پوچھیں کہ:<br>صفحہ نمبر 2 اور 3 پر تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ مثلاً: تالاب کا نیلا پانی' بڑا سا ایک درخت وغیرہ۔ اسی طرح اور صفحات کی تصویروں کے بارے میں پوچھیں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں سے پوچھیں کہ ہر صبح ان کے گھر میں کیا کیا ہوتا ہے؟ مختلف بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔ (صبح کا وقت کچھ اس طرح کا ہو سکتا ہے)۔<br>- اٹھنے کا بالکل دل نہیں چاہتا پھر بھی مجبوراً اٹھنا پڑتا ہے۔<br>- نہا دھو کر کپڑے بدل کر تیار ہوتے ہیں۔<br>- پانی کی بوتل میں پانی بھرا۔ اسکول کا ناشتہ بیگ میں رکھا۔<br>- کتابوں کو پیوں کا بھاری سا بیگ اٹھایا اور اسکول کے لئے روانہ ہو گئے۔<br>**نوٹ:** بات چیت کے ذریعے بچوں کو مضمون لکھنے کا تھوڑا سا آئیڈیا دیں۔ |
| | **گھر کا کام** |
| 5 منٹ | • ''میرے گھر میں صبح کا حال'' پر چھوٹا سا مضمون لکھیں۔ |

# سیشن 4

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • کہانی لڑائی جھگڑا پر زبانی گفتگو کریں۔ ٹیچر اندازہ لگائیں کہ بچے اس کہانی میں کیا بات پسند کرتے ہیں۔ |
| 30 منٹ | • جب مینڈکی کا خاندان چلا گیا تو دوسرے لوگوں نے جو تالاب کے اس کنارے پر رہ گئے تھے کیا کہا؟ بچوں سے نیچے دیئے ہوئے سوال زبانی پوچھیں پھر تحریری کام کروائیں۔ جواب مختلف بھی ہو سکتے ہیں۔ |

1 ہری گھاس کیا بولی؟ (اچھا ہے گئے۔ بہت شور کرتے تھے۔)

2 پھول پودے کیا بولے؟ (شکر! اب ہم آرام سے رہیں گے۔)

3 کیا مینڈکوں کے جانے کے بعد سب آرام سے رہ سکے؟ (بالکل نہیں۔ بلکہ بہت سے دوسرے کیڑے مکوڑے تالاب میں آ کر رہنے لگے اور سب کو تنگ کرنے لگے۔)

4 آخر میں سب نے کیا فیصلہ کیا؟ (مچھلی کو مینڈکوں کو منانے کے لئے بھیجا اور مینڈک تو جیسے تیار ہی بیٹھے تھے۔ واپس آ گئے۔)

5 لڑائی جھگڑا پھر سے شروع ہو گیا۔ کیوں شروع ہوا؟ (کیونکہ مینڈک کا کام تو ٹرانا ہی تھا اور ہر وقت کے شور سے پھر سب بیزار ہو گئے۔)

## گھر کا کام

5 منٹ

- اپنے امی یا ابو سے پوچھ کر لکھیں کہ جب وہ چھوٹے تھے تو ان کے گھر میں صبح صبح کیا ہوتا تھا۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

کلر مارکر (colour marker)، رنگین پنسل، سفید کاغذ یا اخبار کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 5

15 منٹ

- کچھ بچوں سے گھر کا کام پوچھیں۔ بچوں کو ان کے اور ان کے امی یا ابو کے ماحول کا فرق سمجھائیں۔

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ جیسے کتاب لڑائی جھگڑا میں تالاب کے کنارے کی منظر کشی کی گئی ہے اسی طرح وہ کسی جنگل کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ تمام بچوں کی حوصلہ افزائی بھی کریں اور ان کی بنائی ہوئی تصویریں کلاس میں ڈسپلے کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- گھر سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔ املا میں اردو الفاظ اور انگلش ترجمہ بھی لکھوایا جائے گا۔

# سیشن 6

10 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنے کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔

10 منٹ

- املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

25 منٹ

- بچوں سے ان کی بنائی ہوئی جنگل کی تصویروں پر گفتگو کریں۔ زیادہ سے زیادہ بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔ پرنسپل یا آرٹ ٹیچر یا اور ٹیچرز کو بلوا کر تصویریں دکھائیں۔

# لڑائی جھگڑا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

not for sale